شگفتہ اور سلیس و رواں ہے لیکن مسلمانوں کے لئے بدر کینے (ص ۱۶۲) کا لفظ ناموزوں اور نامناسب ہے

---

# ضروری گزارش

کاغذ کی ہوشربا گرانی کے باعث برہان کی اشاعت فروری سنہ ۷۴ء میں ہی بند ہو جاتی مگر ادارہ کے ممبران اور خریداران برہان کے اصرار پر اشاعت جاری رکھی گئی تھی مدیر برہان میں جو کاغذ لگایا جاتا ہے کہ گزشتہ ماہ تک ۵۵ روپے فی رم کے حساب سے مل رہا تھا۔ مگر اب ماہ جون میں وہی کاغذ ۶۶ روپے فی رم آیا ہے ___ ٹائیٹل کا کاغذ جو ۶۰ روپے تک آجاتا تھا اب ۱۵۰ روپے رم آیا ہے۔ طباعت جو ۹/ فی پلیٹ دی جا رہی تھی۔ اب ۱۴/ فی پلیٹ تک پہونچ گئی ہے۔ ان حالات میں قارئین برہان اور ادارہ کے ممبران سے حسب ذیل امور میں تعاون درکار ہے۔

(۱)۔ برہان کا چندہ اور ممبری کی فیس بر وقت ادا فرمائیں۔

(۲)۔ یاد دہانی کے خطوط ارسال ہوتے ہیں۔ قارئین ان خطوط پر کم توجہ فرماتے ہیں۔ اگر رسالہ برہان جاری رکھنا چاہتے ہیں۔ تو فوراً ادائیگی فرمائیں ورنہ سلسلہ منقطع کرنے کی بر وقت ہدایت دیں۔

(۳)۔ سالانہ بدل اشتراک میں اضافہ زیر غور ہے جو اب ۱۵ روپے سال ہے کم از کم مجوزہ آپکا اس کے لئے کیا منشا ہے۔

(۴)۔ خریداران برہان اور ادارہ کے ممبران نئے خریدار اور نئے ممبروں کی توسیع کے لئے کوشش فرمائیں۔

(۵)۔ دفتر کو خطوط روانہ کرتے وقت یا منی آرڈر ارسال کرتے وقت اپنا خریداری نمبر تحریر کرنا نہ بھولیں تاکہ جواب یا تعمیل میں تاخیر نہ ہو۔

(۶)۔ ادارہ کی فہرست طلب فرمائیے تاکہ آپ خود ادارہ کی مطبوعات سے متعارف ہوں اور دوسروں کو متعارف کرائیں۔

نیازمند